مرکزی جامع مسجد اہل حدیث رانیوال سیداں ضلع گجرات میں توحید کانفرنس

مورخہ 16 اپریل بروز اتوار مرکزی جامع مسجد اہل حدیث رانیوال سیداں ضلع گجرات میں عظیم الشان توحید کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت مولانا سید الطاف الرحمن شاہ امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع گجرات نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سید ثناء اللہ امیر مرکزیہ رانیوال سیداں نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا قطب شاہ، مولانا سید الطاف الرحمن شاہ اور حضرت مولانا محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔

جامع مسجد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اہل حدیث دینہ میں سیرت ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس

مورخہ یکم مئی بروز سوموار بعد از نماز عشاء جامع مسجد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اہل حدیث دینہ میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبد الغفور مدنی نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس کا آغاز قاری عبد القدیر نگران شعبہ حفظ اثریہ ایجوکیشن سسٹم و امام جامع مسجد نصر اہل حدیث قاضی آباد راٹھیاں کی تلاوت سے ہوا، اور حمد و نعت بھی قاری صاحب نے ہی پیش کی۔ کانفرنس سے مولانا محمد اصغر، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبد الغفور مدنی اور مولانا حافظ عبد الباسط شیخوپوری ناظم تبلیغ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے مفصل خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں جہلم، ڈھوک صوبیدار، بوڑھیاں، پنڈوڑی، ڈومیلی اور سوہاوہ سے لوگوں نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں حاجی محمد جمیل (الحرمین ٹیلرز جہلم) کی طرف سے شرکاء کی ضیافت کی گئی۔ یاد رہے کہ اس پروگرام کا انتظام و انصرام مولانا ذیشان ایوب خطیب مسجد ہذا، مولانا منصور احمد، جناب عبد الغیاث و چوہدری محمد الیاس اور ان کے رفقاء نے کیا۔

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میں درس قرآن

مدرسہ تدریس القرآن محمدیہ متصل مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میں مولانا قاری محمد الیاس خان کی زیر نگرانی شعبہ حفظ قائم ہے جس میں امسال پانچ خوش نصیب طلبا نے حفظ قرآن مکمل کرنے کی سعادت حاصل کی۔ مورخہ 19 مئی بروز جمعہ بعد نماز مغرب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میں فضائل قرآن کے موضوع پر درس کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، جس میں مدرسہ